حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: جنگ احزاب۔۔۔ کو کہتے ہیں۔

(الف) غزوہ بدر　(ب) غزوہ احد　(ج) غزوہ خندق　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: غزوہ احزاب کس مہینے میں پیش آیا۔

(الف) رجب　(ب) شعبان　(ج) رمضان　(د) شوال

سوال نمبر 3: حضور اکرم ﷺ نے خندق۔۔۔۔ کے مشورے سے کھدوائی۔

(الف) حضرت عمر　(ب) حضرت علی　(ج) حضرت سلمان فارسی　(د) حضرت زبیر

سوال نمبر 4: اگر خلوت صحیحہ کے بعد طلاق واقع ہو تو عدت۔۔۔ ہو گی۔

(الف) واجب　(ب) سنت　(ج) مستحب　(د) مکروہ

سوال نمبر 5: حضور اکرم ﷺ نے۔۔۔ سے نکاح کیا اور ولیمہ کی عام دعوت فرمائی۔

(الف) حضرت عائشہ　(ب) حضرت زینب　(ج) حضرت خدیجہ　(د) حضرت جویریہ

سوال نمبر 6: ازواج مطہرات امت کی۔۔۔ ہیں۔

(الف) بہنیں　(ب) بیٹیاں　(ج) مائیں　(د) یہ سب

سوال نمبر 7: "صلوٰۃ" کا لغوی معنی ہے۔

(الف) استغفار　(ب) دعا　(ج) نماز　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: جس کے پاس میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود پاک نہ پڑھا وہ۔۔۔ ہے۔

(الف) بدبخت　(ب) بدعتی　(ج) گمراہ　(د) بددین

سوال نمبر 9: بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تہمت لگائی کہ انہوں نے (معاذ اللہ)۔۔۔

(الف) زنا کیا ہے　(ب) اپنے بھائی کو قتل کیا ہے　(ج) جھوٹ بولا ہے　(د) پہلا اور دوسرا دونوں

سوال نمبر 10: حضور اکرم ﷺ نے حضرت معاویہ کیلئے۔۔۔ دعا مانگی جو قبول ہوئی۔

(الف) بیٹے کی　(ب) مال کی　(ج) بیوی کی　(د) حکومت کی

سوال نمبر 11: "الخصائص الکبریٰ" کتاب۔۔۔ ہے۔

(الف) علامہ سیوطی کی　(ب) ملا جامی کی　(ج) اعلیٰ حضرت کی　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: "کلمۃ اللہ" اور "روح اللہ"۔۔۔ ہیں۔

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام　(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام　(ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام　(د) حضرت آدم علیہ السلام

سوال نمبر 13: اللہ کے دین کی مدد کرنے میں شامل ہے۔

(الف) جہاد　(ب) امر بالمعروف　(ج) تبلیغ دین　(د) یہ تمام

سوال نمبر14: ابو جعفر منصور بادشاہ۔۔۔ میں امام مالک سے ایک مسئلے کے بارے میں گفتگو کر رہا تھا۔

(الف) مسجد حرام (ب) مسجد اقصیٰ (ج) مسجد نبوی (د) مسجد قبا

سوال نمبر15: ایک شخص اگر عادل ہو تو اس کی خبر۔۔۔ ہے۔

(الف) غیر مقبول (ب) معتبر (ج) قابل تحقیق (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: "قولا سدیدا" سے مراد ہے۔

(الف) لا الہ الا اللہ (ب) سچی اور درست بات (ج) حق اور انصاف کی بات (د) یہ تمام

سوال نمبر17: (عورتوں کو) "اچھی طرح چھوڑنا" یہ ہے کہ۔۔۔

(الف) حقوق ادا کر دیئے جائیں (ب) نقصان نہ دیا جائے (ج) روکا نہ جائے (د) یہ سب

سوال نمبر18: رسول اللہ ﷺ ہر وقت، ہر گھڑی، ہر لحظہ۔۔۔ مصروف رہتے تھے۔

(الف) نماز میں (ب) جہاد میں (ج) ذکر الٰہی میں (د) الف، ب اور ج

سوال نمبر19: اصل الاصول اور افضل الاذکار۔۔۔ ہے۔

(الف) کلمہ طیبہ (ب) الحمد للہ (ج) سبحان اللہ (د) اللہ اکبر

سوال نمبر20: خطبے میں زبان سے سکوت۔۔۔ ہے۔

(الف) سنت (ب) فرض (ج) مستحب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: گالی گلوچ کرنا اور فحش کلامی کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) قابل فخر (ب) قابل تعریف (ج) قابل مذمت (د) قابل مدح

سوال نمبر22: "میں شب معراج ایسی قوم کے پاس سے گزرا جو اپنے چہروں کو نوچ رہے تھے" کیوں کہ یہ۔۔۔ کرتے تھے۔

(الف) حسد (ب) غیبت (ج) تکبر (د) وعدہ خلافی

سوال نمبر23: ۔۔۔ اعمال کو باطل اور برباد کر دیتے ہیں۔

(الف) کفر و شرک (ب) مرتد ہونا (ج) منافقت (د) یہ سب

سوال نمبر24: ولیمہ کی دعوت سے فارغ ہو کر سب صحابہ چلے گئے مگر۔۔۔ صاحب بیٹھے رہے اور گفتگو طویل کر دی۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر25: نبی کریم ﷺ کو۔۔۔ کے چند لوگوں نے کفار کی زبردست تیاریوں کی اطلاع دی۔

(الف) بنو تمیم (ب) قبیلہ خزاعہ (ج) قبیلہ قریش (د) بنو عدی